OFFICE OF THE
All Assam Tanzim Madaris-E-Qawmiya
(Branch : Rabeta-e-Madaris-e Islamia Arabia Darul Uloom Deoband)
P.O. Nilbagan - 782445, Dist- Hojai , Assam (India)
Regd. : RS/NG/254/108
ESTD. : 1374 Hizri, 1955
Website : allassamtanzimmadarisqaumiya.org

دفتر: آلِ آسَام تَنظِیم مَدَارِس قَومِیَہ
(شاخ: رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ، دارالعلوم دیوبند)
نیل باگان، نوگاؤں، آسام، الہند

কাৰ্যালয় ☎ : (03674) 262448
সদৌ অসম তন্‌জিম মাদাৰিছে কৌমীয়া
(শাখা ঃ ৰাবেতায়ে মাদাৰিছে ইছলামীয়া আৰবীয়া দাৰুল উলুম দেওবন্দ)
পোঃ নীলবাগান- ৭৮২৪৪৫, জিলাঃহোজাইঃ অসম ঃ ভাৰত
স্থাপিত ঃ ১৩৭৪ হিজৰী, ১৯৫৫ ইং
Email : aatmqassam@gmail.com

Ref. ....   Date..........................

تجاویز مجلس عاملہ ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۰۱۸ء

آج مورخہ ۱۰/محرم الحرام ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۱/ستمبر ۲۰۱۸ء بروز جمعہ بعد نماز مغرب بمقام، دفترِ آل آسام تنظیم مدارس قومیہ، نیل بگان، ہوجائی، آسام میں جناب الحاج حضرت مولانا بدرالدین اجمل القاسمی صاحب دامت برکاتہم کی زیر صدارت مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوا اور حافظ مطیع الرحمٰن صاحب پرمائی بھیٹی کی تلاوت کلام پاک سے مجلس کا آغاز ہوا اور مندرجہ ذیل تجاویز باتفاق آراء منظور کی گئی۔

تجویز نمبر۲: (تعزیتی تجویز):

آج کی مجلس عاملہ ملک و بیرون ملک کی درج ذیل مقتدر اور اہم شخصیات کے سانحہ ارتحال پر رنج وغم کا اظہار کرتی ہے اور مرحومین کی مغفرت و بلندی درجات کیلئے قرآن خوانی کرکے دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور انکے پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اسمائے مرحومین حضرات: حضرت مولانا محمود الحسن صاحب، ادالی سینیر مدرسہ، ناظم امتحان مولانا زاہد حسین صاحب کے والد محترم صاحب، شیخ فخر الدین صاحب کی والدہ محترمہ، الحاج اقدس علی صاحب، سابق مہتمم دارالحدیث جئے نگر، مولانا حسین احمد صاحب، مہتمم سات لونگا بنات مدرسہ،

تجویز نمبر۳: آج کی مجلس میں گذشتہ منعقدہ ۲۷/محرم الحرام ۱۴۳۸ھ مطابق ۲۹/اکتوبر ۲۰۱۶ء کی مجلس عاملہ میں منظور کی گئی تجاویز کو پڑھکر سنایا گیا، ساتھ میں ان تجاویز پر عمل درآمدگی کا جائزہ بھی پیش کیا گیا، مجلس نے ان تجاویز پر عمل درآمدگی کا جائزہ لیکر انکی توثیق کی۔

تجویز نمبر۴: آج کی مجلس میں گذشتہ میعاد کی کارکردگی کی اجمالی رپورٹ جناب ناظم عمومی صاحب نے پڑھکر سنایا۔ مجلس نے اس رپورٹ کی توثیق وتائید کی۔

تجویز نمبر۵: آج کی مجلس میں سال رواں ۲۰۱۸ء کیلئے جناب ناظم عمومی صاحب نے اضافی بجٹ پیش کیا، جسے مجلس نے قدرے ترمیم کیساتھ کل -/20,02,500 (بیس لاکھ دو ہزار پانچ سو) روپئے کا بجٹ توکلا علی اللہ منظوری دی۔

تجویز نمبر۶: تنظیم مدارس قومیہ دیگر دینی ادارہ کیطرح ایک دینی وقومی ادارہ ہے۔ ملت کے اہل خیر حضرات کے ہر قسم کا تعاون ادارہ کے مالیات کا اہم ذریعہ ہے۔ لہذا آج کی مجلس تجویز منظور کرتی ہے کہ تنظیم کی مجلس عاملہ کے اراکین حضرات اس سلسلہ میں دفتر کا تعاون فرمائیں اور عوام کو تنظیم کی خدمات سے روشناس کراکر فراہمی مالیات میں ہاتھ بٹائیں۔

تجویز نمبر۷: آج کی مجلس میں رسید بک ختم ہونے پر جناب ناظم عمومی صاحب نے رسید بک چھپوانے کی تجویز پیش کی، مجلس نے ۲۵/صفحات پر مشتمل ۴/سو رسید بک چھپوانے کی منظوری دی۔

تجویز نمبر۸: **(الف)** آج کی مجلس میں آئندہ مجلس عاملہ اور منتظمہ کی تاریخ کے بارے میں گفتگو کے بعد آئندہ ۱۰؍صفر المظفر ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۰؍ اکتوبر ۲۰۱۸ء بروز سنیچر کو مجلس عاملہ اور ۱۱؍صفر المظفر ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۱؍اکتوبر ۲۰۱۸ء بروز اتوار کو مجلس منتظمہ کیلئے طئے کی گئی۔

(ب) اراکین مجلس منتظمہ کے آمد و رفت کے کرایہ کے متعلق مجلس میں جناب ناظم عمومی صاحب نے ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم کے موجودہ مالی حالات کو دیکھتے ہوئے اسپر غور کیا جائے، مجلس نے تنظیم کے مالی قحط کو دیکھتے ہوئے اس بار اراکین کو صرف ایک طرف کا کرایہ دینے کا فیصلہ کیا۔

تجویز نمبر۹: **(الف)** امتحان اشتراکی کے مراکز مزید منظّم اور پر سکون بنانے کی غرض آج کی مجلس غور و غوض کے بعد تجویز منظور کرتی ہے کہ نگران حضرات کے انتخاب کے سلسلہ میں کوئی نیا طریقہ اپنایا جائے۔ نیز اس سلسلہ میں غور و فکر کرنے کیلئے امتحان کمیٹی کو ذمہ داری سونپی گئی۔

(ب) آج کی مجلس امتحان اشتراکی کے کامیابی نمبر کے بارے میں طئے کرتی ہے کہ چونکہ دار العلوم دیو بند میں کامیابی کا نمبر ۴۰؍ ہے، اسلئے تنظیم مدارس قومیہ میں بھی کامیابی کا نمبر ۴۰؍ ہی رکھا جائے اور اسکو آئندہ مجلس منتظمہ میں پیش کیا جائے۔

بالآخر شیخ حضرت مولانا شمس الدین صاحب دامت برکاتہم کی دعاء سے مجلس کا اختتام ہوا۔